# ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ

ಕೆಎಸ್‌ಕ್ಯುಎಎಸಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು–560003.

# KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

KSQAAC, Malleshwaram, Bengaluru–560003.

## ಮೌಲ್ಯಾಂಕನ – ಮಾರ್ಚ್ 2024 – ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೋತ್ತರ ಪತ್ರಿಕೆ

## Assessment - March 2024 Model Paper

**Class : 8** **Subject : First Language Urdu** **Marks : 50** **Time : 2 Hours 30 min.**

**Information to be filled by the Student**

**Name of the Student :** ____________________

**Student SATS No :** | | | | | | | | | |

**Signature of the Student :** ____________

**Information to be filled by the Room Invigilator**

**School DISE Code :** | | | | | | | | | | | |

**School Name :** ____________________

**Cluster :** __________ **Block :** __________ **District :** __________

**School Type : Govt.** ☐ **Aided** ☐ **Un-aided** ☐

**(Put "✓" mark for applicable information)**

**Signature of the Room Invigilator :** ____________

**Information to be filled by the Evaluator at the time of evaluation**

| Question Number | Obtained marks | Question Number | Obtained marks | Question Number | Obtained marks |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | 11 | | 21 | |
| 2 | | 12 | | 22 | |
| 3 | | 13 | | 23 | |
| 4 | | 14 | | 24 | |
| 5 | | 15 | | 25 | |
| 6 | | 16 | | 26 | |
| 7 | | 17 | | 27 | |
| 8 | | 18 | | 28 | |
| 9 | | 19 | | 29 | |
| 10 | | 20 | | 30 | |
| – | | – | | 31 | |
| | | | | Grand Total | |

**Total marks obtained (in words) :** ____________________

**Signature of the Evaluator :** ____________

**I.** دی گئی ہدایات کے مطابق صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔ **16x1=16**

**1.** • تیرے ہی فیض سے ہے
سر سبز ڈالی ڈالی
اس شعر میں تیرے سے مراد

(A) فیض (B) ڈالی

(C) اللہ تعالیٰ (D) سبز

جواب: ☐ ________________

**2.** ''عرب کے جنوب میں ایک ملک یمن ہے اس کا بادشاہ ابرہہ تھا۔''
• ابرہہ اس ملک کا بادشاہ تھا۔

(A) یمن (B) جنوب

(C) عرب (D) مشرق

جواب: ☐ ________________

**3.** ابرہہ کی فوج نے مکہ پہنچتے ہی لوٹ مار مچادی۔
• مکہ میں لوٹ مار مچانے والے

(A) لشکر (B) امریکہ کی فوج

(C) ابرہہ کی فوج (D) عرب والے

جواب: ☐ ________________

4. مفاسد کا زیروزبر کرنے والا
قبائل کا شیر وشکر کرنے والا

- مفاسد کا واحد ہے۔

(A) قبیلوں (B) قبیلہ

(C) مفسد (D) قبلہ

جواب: ☐ ______________

5. فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

- فقیروں کا ملجا سے مراد۔

(A) حضرت محمد ﷺ (B) حضرت عیسیٰؑ

(C) حضرت ابراہیمؑ (D) حضرت موسیٰؑ

جواب: ☐ ______________

6. اوٹی کی تفریحی لذتوں کو بڑھاوا دینے میں۔
انگریزوں کے زمانے میں قائم کردہ ریلوے نظام بھی کافی اہم ہے۔

- اوٹی کا ریلوے نظام قائم کردہ ہے۔

(A) مسلمانوں کا (B) یوروپیوں کا

(C) فرانسیسیوں کا (D) انگریزوں کا

جواب: ☐ ______________

7. حروفِ علت ہیں۔

(A) د ، ڈ، ذ (B) ر ، ڑ ، ز

(C) ا ، و ، ی (D) ب ، پ ، ت

جواب: ☐ ______________

**8.** تیری عمر رفتہ کی اک آن ہے عہد کہن۔
وادیوں میں ہیں تیری کالی گھٹائیں خیمہ زن۔

- وادیوں میں خیمہ زن ہیں۔

(A) عہد کہن (B) عمر رفتہ

(C) کالی گھٹائیں (D) تری

جواب: ☐ ________________

**9.** یونانی لفظ ڈراما، لفظ 'ڈراؤ' سے مشتق ہے جس کے معنی کر کے دکھانے کے ہیں۔

- لفظ 'ڈراما' کے معنی ہیں۔

(A) کر کے دکھانا (B) دوڑ کر دکھانا

(C) پڑھ کر دکھانا (D) لکھ کر دکھانا

جواب: ☐ ________________

**10.** کلیم اللہ، خلیل اللہ اور ذبیح اللہ یہ کہلاتے ہیں۔

(A) عرف (B) تخلص

(C) لقب (D) کنیت

جواب: ☐ ________________

**11.** ''ناریل کئی ایک بیماریوں میں نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ بخار اور دیگر امراض میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔''

- بخار اور دیگر امراض میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔

(A) ناریل (B) پھل

(C) پھول (D) بیج

جواب: ☐ ________________

12. فارسی میں کان کو ''گوش'' اور گدھے کو '' خر'' کہتے ہیں، اسی سے خرگوش کا نام مشہور ہوا۔

- فارسی میں گدھے کو کہا جاتا ہے

(A) گوش (B) خر

(C) کان (D) گدھے

جواب: ☐ ____________

13. رائے بریلی کے کسانوں کی کوئی ''ٹیکس نہ دو'' مہم میں شامل ہوئے۔

- اس شہر میں کسانوں کی ''کوئی ٹیکس نہ دو'' مہم شروع کی گئی۔

(A) لکھنو (B) مسولی

(C) دہلی (D) رائے بریلی

جواب: ☐ ____________

14. ''اٹھارویں صدی میں انسان نے بھاپ اور بجلی کی طاقت کو دریافت کیا۔''

- اٹھارویں صدی میں انسان نے دریافت کیا۔

(A) بھاپ اور بجلی (B) کوئلہ

(C) لوہا (D) کارخانے

جواب: ☐ ____________

15. ''ملا نصیرالدین ایک مرتبہ حمام میں غسل کر رہے تھے دھڑام سے گرنے کی آواز آئی''۔

- حمام سے آواز آئی۔

(A) دھوم (B) ٹن ٹن

(C) دھڑام (D) کھن کھن

جواب: ☐ ____________

16. 'لطیفہ' لفظ کی جمع ہے۔

(A) لطیفے (B) لطف

(C) الطاف (D) لطفوں

جواب: ☐ ____________

**II.** دی گئی ہدایات کے مطابق ایک جملے میں جوابات لکھیے۔ **4x1=4**

**17.** اس بار جو ایندھن کے لئے کٹ کے گرا ہے

چڑیوں کو بڑا پیار تھا اس بوڑھے شجر سے

• ایندھن کے لئے کون کٹ کے گرا ہے؟

**جواب:** ____________________

**18.** ناک کے استعمال سے کوئی ایک لفظ بنائیے۔

**جواب:** ____________________

**19.** ان الفاظ میں سے بے میل لفظ کی نشاندہی کر کے لکھیے۔

مدرسہ ۔ کتاب ۔ دریا ۔ قلم

**جواب:** ____________________

**20.** • مثال کے مطابق ذیل کے الفاظ سے اسم بنائیے

جیسے ۔ رسوا سے رسوائی

جدا : ----------

**جواب:** ____________________

**III.** دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات لکھیے۔ **6x2=12**

**21.** • درجِ ذیل شعر کو نثر میں تبدیل کیجئے۔

تو نے ہمیں بنایا

اور سوچنا سکھایا

**جواب:** ____________________

____________________

____________________

**22.** دونوں خالی جگہوں کو ایک ہی لفظ سے پُر کر کے بامعنی جملے بنائیے۔

i) باسی ----------------- میں جیسے ابال آ گیا۔

ii) ------------------------ دھوپ کی مسافت جان لیوا ہوتی ہے۔

23. کان: ناک سے دونوں طرف یکساں فاصلے پر پائے جانے والے جسم کے حصّے کو کان کہتے ہیں۔ یہ دو ہوتے ہیں ان کے دو ہونے کا فائدہ یہ ہے کہ بات ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے اُڑائی جاسکتی ہے۔

- کان کے دو ہونے کے فائدے کیا ہیں؟

جواب:______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

24. کسرہ کو زیر اور ضمہ کو پیش کہتے ہیں جس پر زیر ہو اور پیش ہو وہ حروف کیا کہلاتے ہیں؟

جواب:______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے     آخر اس درد کی دوا کیا ہے
ہم ہیں مشتاق اور وہ بےزار     یاالٰہی یہ ماجرا کیا ہے
میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں     کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے
ہم کو ان سے وفا کی ہے امید     جو نہیں جانتے وفا کیا ہے
ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا     اور درویش کی صدا کیا ہے
جان تم پر نثار کرتا ہوں     میں نہیں جانتا دعا کیا ہے
میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالبؔ
مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

**دی گئی غزل کو پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔**

25. غزل کا مطلع لکھتے ہوئے قافیوں کی فہرست بنائیے؟

جواب:______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

26. شاعر کس سے وفا کی امید کر رہا ہے؟ اور درویش کی صدا کیا ہے؟

جواب:______________________________________________

**IV.** دی گئی ہدایات کے مطابق ان سوالات کے جوابات لکھئے۔ **3x3=9**

**27.** دی گئی عبارت کو پڑھ کر الطاف حسین حالؔی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

اردو ادب میں مولانا حالؔی کے خدمات بڑے اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے بچوں کے لئے بھی نظمیں لکھی ہیں۔ مولانا الطاف حسین حالؔی 1827ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے، ''مسدس حالی'' لکھ کر اُردو شاعری میں ایک حیرت انگیز انقلاب پیدا کیا نثر میں ان کے تصانیف '''حیاتِ جاوید''، ''حیات سعدی'' اور ''یادگارِ غالب'' ہیں۔

جواب:

**28.** رباعی کسے کہتے ہیں؟ رباعی کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب:

29. نیچے دیئے گئے حروف میں کئی لفظ پوشیدہ ہیں۔ ان حروف کو الٹ پلٹ کر تین الفاظ لکھئے۔

( م ع ل و م ا ت )

i)__________

ii)__________

iii)__________

V. دی گئی ہدایات کے مطابق ان سوالات کے جوابات لکھئے۔ 1x4=4

30. اس حمد کو مکمل کیجئے۔

| | |
|---|---|
| اے دو جہاں کے والی | ________________ |
| ہر چیز سے ہے ظاہر | ________________ |
| __________ | سر سبز ڈالی ڈالی |
| پتوں میں تیری رنگت | ________________ |

IV. اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو؟۔ 1x5=15

31. دیئے گئی اشارات کو ملحوظ رکھتے ہوئے خط کو مکمل کیجئے۔

نام و پتہ

القاب و آداب

نفسِ مضمون

خاتمہ

پتہ

...